''میں غلام سرور قادری ہوں''

جنرل ضیاء الحق سے دوستانہ مراسم تھے، ایک پائی کا مفاد نہیں لیا.......... سابق صدر غلام اسحٰق اور منظور وٹو نے نواز شریف کے خلاف بیان بازی کے عوض لاکھوں کی پیش کش کی.......... اپنی خواہش پر عہدہ نہیں لیا.......... کوئی ایک پائی کی کرپشن ثابت کر دے تو مستعفی ہو جاؤں گا.......... الیکشن مقررہ وقت پر ہوں گے.......... حکومت کا کسی پارٹی کی طرف جھکاؤ نہیں.......... پیپلز پارٹی کی ہڑتالیں شرعاً حرام ہیں.......... فوجی حکومت نے اقتدار میں آ کر ہر کسی کو برابر کے حقوق دیئے.......... ٹرین مارچ کی کال دینے والے اور شرکت کرنے والے دونوں گناہ گار ہیں.......... نعلین مبارک کی چوری بارے کوئی ثبوت نہیں ملے.......... بہت سی قبروں اور مزاروں کی مرمت ضروری ہے.......... ہر حکومت پر دھاندلی کا الزام لگتا ہے.......... ٹرین مارچ حرام نہیں، مکروہ کہہ سکتے ہیں.......... سیاست کے نام پر چندہ اکٹھا کرنے پر پابندی لگائی جاسکتی ہے.......... متحدہ مجلس عمل کے قائدین چندہ کی بھیک مانگنے کی بجائے زکوٰۃ کمیٹیوں سے رجوع کریں.......... لینڈ کروزر پر سفر کرنے والے سیاست دانوں کو چندہ دینے سے مذہبی طور پر کوئی ثواب نہیں ہوگا.......... چوری ہونے والے نعلین مبارک حضور ﷺ کے نہیں تھے، عوام اس چوری کو حادثہ سمجھ کر احتجاج چھوڑ دیں، واقعہ کو تحریک کی صورت نہ دی جائے.......... دنیا میں بجلیاں گرتی ہیں.......... زلزلے آتے ہیں لیکن لوگ انہیں بھول جاتے ہیں.......... پاپوش مبارک کی چوری کے واقعہ پر استعفیٰ دوں گا، نہ ہم پر پتھروں کی بارش ہوگی.......... نعلین مبارک کی بازیابی کی خوشخبری قوم کو جلد سنائیں گے.......... حافظ سعید کی اہلیہ کی ہائیکورٹ میں رٹ، سرور قادری کو فریق بنانے کی استدعا، صوبائی وزیر مذہبی امور نے کہا تھا'' حافظ سعید سرکاری تحویل میں ہیں'' جبکہ حکومت لاعلمی ظاہر کر رہی ہے.......... نصر اللہ مستقل رخصتی لے لیں، اُن کا جڑی بوٹیوں سے علاج کروں گا.......... گورنر پنجاب صوبے کو ایک قابل ذکر اسلامی صوبہ بنانے کے لیے کوشاں ہیں.......... موجودہ حالات میں زنا کی سزا رجم کی صورت میں نہیں دی جاسکتی.......... علماء کھلے عام یہود و نصاریٰ کو مسلمانوں کا دشمن نہ کہیں کیونکہ یہ اخلاق حسنہ کے خلاف ہے.......... حکومت کے مخالف مذہبی اور سیاسی رہنماء دائرہ اسلام سے خارج ہیں.......... اہم عہدوں پر تعینات مرزائی ملازمت کے اہل ہیں.......... صدر مشرف امیر المومنین ہیں..........